RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ جمادی الاول سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۹ مئی سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بحالت عدم موجودگی دستخط حاکم صاحب صدر	۱ و ۲
۲	مزید رخصت قایم مقام وصلہ قبولیں صدر	۲
۳	تبادلہ منشی راحد علی و علی رضا خان	۲
۴	تقرر سید اجمل حسین	۲
۵	رخصت صوبہ دار تھرڈ بٹالین عل خول	۲
۶	رخصت صوبہ دار سکنڈ بٹالین انفنٹری	//
۷	رخصت صوبہ دار فرسٹ بٹالین امپریل سروس	//
۸	رخصت صوبہ دار تھرڈ بٹالین انفنٹری علی خول	۳
۹	عطاء اختیارات فوجداری و دیوانی بہ تحصیلدار صاحب بلاسپور	۳
۱۰	ترمیم عمل اختیارات مجسٹری منشی حشمت علیخانصاحب	۳ و ۴
۱۱	نقشہ کرنٹ سہ اجلاس	علیحدہ

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقع ۹ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

نقشہ ظہری رپورٹ اجلاس حاکم صاحب صدر دربار

اسلئے کہ حبیب شاہ خانصاحب میری عدم موجودگی میں میری جگہ دستخط کریں تو کوئی لفظ انکے نام کے ساتھ مقرر فرمایا جائے جس کاغذ پر حبیب شاہ خانصاحب کے دستخط ہوا کریں انپر فار حاکم صاحب

کیا جایا کرے۔ بخدمت حاکم صاحب صدر روانہ ہو۔

حکم اجلاس حاکم صاحب صدر

پیشکاران اجلاس حکم اجلاس اعلیٰ سے مطلع ہوں۔ درج گزٹ کیا جاوے۔ ۱۰ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

نقل احکام اجلاس صاحب ایڈیشنل سکرٹری بہادر

رخصت

۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت مزید یکماہہ لیم منشی بہاری پرشاد قایم مقام وصلبا قیمنویس صدر بوجہ علالت مصدقہ ڈاکٹر و سررشتہ دار صاحب صدر و حاکم صاحب صدر منظور کیگئی۔ ایام رخصت میں معمولی کام دیبی پرشاد نائب وصلبا قیمنویس و دوارکا پرشاد اسسٹنٹ وصلبا قیمنویس انجام دینگے۔

تبادلہ

۱۸ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ مہتمم صاحب بندوبست تبادلہ منشی واحد علی ناظر بندوبست بعہدہ آفوری داخل خارجی محاسبات وغیرہ بجاے منشی علی رضا خان اہلمد سررشتہ و مولوی الیہ بجاے منشی واحد علی ناظر منظور کیا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

واقعہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

مولوی سید علی رضا صاحب مہتمم کی رپورٹ ہے کہ مدرسہ مقبرۂ جناب عالیہ میں ایک مدرس عربی خوان کی ضرورت ہے۔ لہذا حسب رپورٹ مولوی سید علی رضا صاحب سبط حسن مشاہرہ دار سات روپیہ اور سید عابد رضا مشاہرہ دار آٹھ روپیہ ماہوار مدرسین مقبرۂ جناب عالیہ برخاست ہوکر انکی جگہ مولوی سید ابن حسین کا تقرر بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار منظور کیا گیا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

نقل حکم ہز ہائینس برگیڈ آرڈرز اجلاس صاحب کرنیل بہادر کمانڈنٹ افواج

رخصت

۲۶ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کپتان صاحب تھرڈ بٹالین ایسٹ انفنٹری علی خان صوبیدار محمد مبارک شاہ خان کمپنی نمبر ۲ بٹالین مذکور کی رخصت ۲۰ یوم ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء سے ۱۰ مئی تک بضرورت علاج بیمار موجودہ خانہ صوبیدار منظور کیگئی۔

۹ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش میجر صاحب سکنڈ بٹالین انفنٹری رخصت یک ماہ صوبہ دار شنکر سنگھ بٹالین مذکور کی ۱۲ مئی سے ۱۱ جون سنہ ۱۹۱۱ء تک بضرورت جانے موضع سرپا تحصیل جلال آباد منظور کی گئی۔

۱۰ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش قایم مقام میجر صاحب بہادر فرسٹ بٹالین امپیریل سروس انفنٹری رخصت سات یوم صوبہ دار چندن سنگھ بٹالین مذکور کی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک منظور کی گئی۔

۲۹ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کپتان صاحب تھرڈ بٹالین ایسٹ انفنٹری علی خان رخصت

سات یوم صوبہ دار عزیز حسن خان شاہین مذکور کی ۲۳ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء
سے ۲۹ اپریل تک بضرورت شادی غلہ دیہات انگریزی منظور کی گئی۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور دربارہ عطائے
اختیارات صیغہ جوڈیشل۔

سید علی مظہر تحصیلدار بلاسپور کو فوجداری میں اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم
اور دیوانی میں اختیارات سنیر منصف کے دئیے جائیں۔ احکام ضابطہ جاری
ہوں اور رپورٹ اطلاعی بندگان عالی میں مرسل ہو۔ اور نقل عرضداشت
مع حکم اجلاس ہمایون محکومہ ۳۰ اپریل شامل فائل بک رہے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۹ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

بذریعۂ روبکار اجلاس ہمایون محکومہ ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء منشی احمد علی خان صاحب
کو اختیارات مجسٹریٹی ایک خاص قسم کے مقدمات میں بصیغہ سرسری عطا
ہوئے ہیں چونکہ یہ صورت بالکل مخصوص ہے۔ اسلئے ضابطۂ فوجداری میں
اسکے واسطے کوئی طریقہ کارروائی پایا نہیں جاتا اسیوجہ سے صاحب مجسٹریٹ
موصوف نے نسبت چند امور متعلق اُس ضابطہ کے جو ایسے مقدمات میں
اختیارات کیا جاوے استصواب کیا ہے اور خیال ہے کہ آیندہ بھی دیگر
اُمور کی نسبت ضرورت دریافت کرنیکی محسوس ہوگی۔ لہذا مناسب ہے
کہ واسطے تعمیل احکام روبکار صدر کے قواعد متعلق طریقہ کارروائی
وضع کر دیئے جائیں۔ بنابران

حکم ہوا کہ

جب صاحب مجسٹریٹ ضلع کے اجلاس سے مجسٹریٹ مجاز کے پاس کوئی
مقدمہ حسب دفعہ (۳) روبکار مذکور منتقل کیا جاوے تو حسب قاعدۂ تحت
عمل کیا جائے

الف۔ مجسٹریٹ مجاز اُس شخص سے بذریعہ حکم تحریری وجہ طلب کرینگے کہ اُسکے
مقابلہ میں حسب دفعہ (۱) روبکار مذکور کارروائی کیوں نکیجاوے۔ اور اس
حکم میں خلاصہ اس اطلاع کا جو شخص مذکور کی نسبت پہنچی ہے لکھا جائیگا
اگر وہ شخص حاضر عدالت ہو تو اُسکو حکم مذکور سنا اور سمجھا دیا جائیگا۔ اور
اگر وہ شخص مذکور حاضر عدالت نہیں ہو تو اُسکی حاضری کے لئے سمن
جاری کیا جائیگا۔ یا اگر ضرورت ہو تو وارنٹ جاری کیا جائیگا۔ سمن
اور وارنٹ کے ساتھ ایک نقل حکم مذکور کی شامل کیجائیگی۔

ب۔ جب کوئی حکم جو مد (الف) کے بموجب صادر ہوا ہو کسی شخص حاضر
عدالت کو سنا دیا جاوے یا باتباع کسی سمن کے کوئی شخص مجسٹریٹ کے
روبرو حاضر ہوا ہو یا بسلسلۂ تعمیل کسی وارنٹ کی حاضر لایا جائے
تو مجسٹریٹ تحقیقات شروع کر دینگے۔

ج۔ یہ تحقیقات مثل تحقیقات مقدمات وارنٹ کیس کے حسب منشاء
باب ۲۱ ضابطہ فوجداری کیجائیگی مگر شرط یہ ہے کہ کوئی جزو باب
مذکور کا مخل مضمون روبکار مذکور و قواعد ہذا کا نہوگا۔ اور تحقیقات مذکورہ
حسب دفعہ (۵) روبکار مورخہ ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء سرسری ہوگی یعنی
شہادت علیحدہ علیحدہ قلمبند کرنا اور فرد جرم مرتب کرنا ضروری نہیں
بلکہ (جیسا کہ بعد ازین مندرج ہے) فیصلہ میں شہادت کا خلاصہ درج کرنا
کافی ہوگا۔ البتہ اگر صاحب مجسٹریٹ چاہیں تو عام قاعدہ کے بموجب شہادت

ملاحظہ کرنا بھی ممنوع نہیں ہے۔

د - اگر تحقیقات سے یہ ثابت ہو کہ حسب دفعہ (۱) روبکار مذکور اس شخص کے لئے سزا تجویز کرنا ضروری ہے تو مجسٹریٹ مذکور فیصلہ صادر کریگا جسمین امور مفصلہ ذیل درج کئے جائینگے۔ (۱) نمبر مقدمہ بسلسلہ وار (۲) تاریخ مقدمہ درج ہونے کی۔ (۳) نام ملزم بقید ولدیت و سکونت۔ ۴۔ تفصیل اس امر کی کہ دفعہ (۱) روبکار مذکور کی کونسی شق کا الزام مین ملزم کو سزا دیگئی ہے۔ ۵ - گواہان ثبوت و صفائی کے بیان کا خلاصہ - ۶ - ملزم کا عذر و بیان ملزم (اگر کچھ ہو) ۷۔ حکم آخر - ۸ - فیصلہ کی تاریخ -

ہ - اگر ملزم سے بعد تحقیقات حسب دفعہ (۱) روبکار مذکور بالا مچلکہ مع ضمانت طلب کیا جاوے تو حکم مین تعداد مچلکہ تحریر طلب اور میعاد جسکے لئے مچلکہ نفاذ پذیر رہیگا اور تعداد و حیثیت اور قسم ضامنان مطلوبہ کی لکھی جائیگی اور اس امر کی تصریح کیجائیگی کہ ملزم آٹھ روز کے اندر مچلکہ وضمانت مذکور داخل کر دے۔ اگر ملزم مدت معینہ کے اندر مچلکہ مع ضمانت داخل کر دیگا تو رہا کر دیا جائیگا۔ ورنہ مدت معینہ گذرنے کے بعد مجسٹریٹ کو اختیار ہوگا کہ مچلکہ وضمانت داخل کرنے کی میعاد مین حسب دفعہ (۲) روبکار مذکور توسیع کر دین یا سزاے قید تجویز کرین لیکن جو قید مچلکہ وضمانت داخل کرنیکی معاوضہ مین دیجائیگی اسمین شرطیہ تحریر ہوگی کہ اثناے قید مین ملزم جب مچلکہ وضمانت مطلوبہ داخل کر دے تو رہا کر دیا جاے۔ جب کوئی ضامن بموجب مد بالا حاضر کیا جاے تو مجسٹریٹ مجاز کو اختیار ہے کہ بوجہ ناقابلیت ضامن کے اسکی ضمانت منظور کرنے سے انکار کرین۔ لیکن وجوہ نامنظوری قلمبند کر کے شامل مثل کئے جائینگے۔

و - آٹھ روز کی مدت جو بموجب مد ہ ضمانت داخل کرنے کے لئے دیجائیگی یا اس مدت مین جو توسیع کیجائیگی اس کل عرصہ مین ملزم زیر حوالات جیل رہیگا لیکن اس مدت آٹھ روزہ مین اسقدر توسیع نکیجائیگی کہ کل مدت کی مقدار پندرہ روز سے زیادہ ہوجائے۔ اور بہنگام تحقیقات مجسٹریٹ کو اختیار ہوگا کہ تا تجویز مقدمہ ملزم کو زیر حوالات رکھین خواہ مچلکہ وضمانت (بنا بر حاضری عدالت) پر آزاد رکھین۔

ز - اگر عند التحقیقات متذکرہ مد (ج) یہ ثابت ہوگا کہ اس شخص کو جسکی نسبت تحقیقات عمل مین آئی حسب دفعہ (۱) روبکار مذکور سزا دینا ضروری ہے تو مجسٹریٹ مثل مین ایک یادداشت مضمون کی لکھینگے۔ اور اگر وہ شخص صرف واسطے اغراض تحقیقات کے زیر حراست ہو تو اسکو مخلصی دیجائیگی یا اگر وہ شخص حراست مین نہو تو اسکو رخصت کر دیا جائیگا۔

ح - جو شخص کہ کسی اور شخص کی نیک چلنی کا ضامن ہوا ہو اگر کسیوقت منسوخی ضمانت کی درخواست پیش کرے تو حسب دفعہ ۱۲۶ ضابطہ فوجداری کارروائی کیجائیگی۔

ط - ملزم کو موقع دیا جائیگا کہ گواہان ثبوت سے سوالات جرح کرے اور اپنی شہادت پیش کر کے الزام منسوبہ کی تردید کرے اور پیروی مقدمہ کے لئے اصالتاً خواہ وکالتاً ملزم کو اختیار حاصل ہوگا اور حسب ضابطہ شامل مثل کیا جائیگا۔

ی - اگر ملزم کو سزاے قید بصورت عدم داخل مچلکہ وضمانت دیجائیگی تو وارنٹ حسب نمونہ نمبر ۱۲۲ ضمیمہ پنجم ضابطہ فوجداری جاری کیا جائیگا اور سزاے قید بلا طلبی ضمانت و مچلکہ دیجائیگی تو حسب نمونہ نمبر ۲۹ ضمیمہ مذکور جاری کیا جائیگا۔

حسب صراحت بالا احکام جاری ہوں اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

[illegible signature]

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور بابت از ابتدا ۲۴ مئی لغایت ۲۹ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳ ما ر	٠	٠	۱۴ ما ر	۱۳٠ ما ر	٠	
نخود خالص	۱۸ ما ر			۲۰ ما ر	۱۴ ما ر		
نخود کیسہ آمیز	۲۰ ما ر			۲۰ ما ر	۲۳٠ ما ر		
کشتہ	٠			٠	۲۳٠ ما ر		
ماش	۱۰ ما ر			۱۱ ما ر	۹ ما ر		
مونگ	۱۰ ما ر			٠	۱۰ ما ر		
مکا	٠			۲۵ ما ر	۳۰ ما ر		
جئی	۲۳ ما ر			۲۰ ما ر	۳۰ ما ر		
گوجئی	٠			٠	۲۰ ما ر		
عدس	٠			٠	٠		
ارہر	٠			٠	٠		
برنج	۶ ما ر			۷ ما ر	۷ ما ر		
روغن زرد	٠،، ما ر			سـ ما ر	سـ ما ر		
روغن سیاہ	۲،، ما ر			۲ ما ر	۲٠ ما ر		
روغن کنجد	۱٠ ر ما ر			۱ ما ر	۲ ما ر		
نمک سانبھر	۱۳ ما ر			۱۳ ما ر	۱۴ ما ر		
نمک لاہوری	٠			٠	٠		
قند سیاہ	۷ ما ر			۸ ما ر	۶٠ ما ر		
باجرہ	٠			٠	۱۹ ما ر		

مطبوعہ پریس ریاست رامپور